RESOLUTION
11-08-2025

یہ ایوان پندرہ سویں میلاد النبی ﷺ کی تاریخی اہمیت کے پیش نظر یہ قرارداد پیش کرتا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں، اس موقع کو اعلیٰ سطح پر، قومی پروگرامز، میلاد النبی ﷺ کی محافل، میڈیا مہمات، فلاحی اقدامات، سرکاری اور نیم سرکاری، نجی عمارتوں اور شاہراہوں کو چراغاں اور سجاوٹ کے ذریعے منائیں۔ تمام سرکاری اور نجی ادارے بشمول، تعلیمی اور کاروباری ادارے، میڈیا ہاؤسز بھرپور شرکت کرتے ہوئے حضرت محمد مصطفیٰ، احمد مجتبیٰ، خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمات کے مطابق، امن، رواداری اور اخوت کو فروغ دیں۔ یہ ایوان رسول کریم ﷺ، خاتم النبیین کی سنت و سیرت کے فروغ کا عزم کرتا ہے اور پوری قوم سے اپیل کرتا ہے کہ اس بابرکت موقع کو نہایت عقیدت، احترام اور اتحاد کے ساتھ منائے۔

دستخطی

پیر فضل علی شاہ جیلانی

ممبر قومی اسمبلی